# یونائٹڈ کنگڈم میں رہنا سکاٹ لینڈ کے لئے کیا معنی رکھتا ہے۔



سکاٹش آزادی پر استصوابِ رائے کے بارے میں معلومات۔

HM Government

یہ کتابچہ لارج پرنٹ، آڈیو اور بریل میں بھی دستیاب ہے۔ برائے مہربانی سکاٹ لینڈ دفتر کو خط لکھیں
Scotland Office, 1 Melville Crescent, Edinburgh, EH3 7HW.



# ایک متحدہ سلطنت۔

# ایک متحدہ مستقبل۔

18 ستمبر کو آپ سے سکاٹ لینڈ کے مستقبل کے بارے میں ایک بڑا فیصلہ کرنے کے لئے کہا جائے گا: مستقل طور پر – برطانیہ میں رہنے کے لئے یا اخراج اور ایک الگ ریاست بنانے کے لئے۔

ایچ ایم حکومت کو یقین ہے کہ بہت ساری وجوہات ہیں جن کی بنا پر سکاٹ لینڈ کو یونائٹڈ کنگڈم میں ہی رہنا چاہیے۔

یہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے اور آپ کو تمام متعلقہ حقائق جان کر اپنا انتخاب کرنا چاہیئے۔

یہ کتابچہ اُن مسائل کے بارے میں اہم معلومات مہیا کرتا ہے جو سکاٹ لینڈ کے مستقبل کو متاثر کرتے ہیں۔ اگر آپ اِس کتابچے میں دی جانے والی معلومات میں سے کسی بات کے سلسلے میں مزید جاننا چاہیں تو **gov.uk/youdecide2014** پر مزید ذرائع، مطبوعات اور اعلانات موجود ہیں۔

# یونائٹڈ کنگڈم کے اندر رہنے سے ہماری معیشتیں اکٹھے نمو پاسکتی ہیں۔





## پاؤنڈ کے تمام تر فوائد۔

بطور یونائٹڈ کنگڈم کے ایک حصے کے، دنیا کی سب سے طاقتور اور مستحکم کرنسیوں میں سے ایک سکاٹ لینڈ کے پاس ہے جس کے پیچھے 31 ملین ٹیکس دہندگان اور بینک آف انگلینڈ کی طاقت ہے۔ یہ ممکن نہیں ہوگا کہ آج کا کرنسی بندوبست دو مختلف ریاستوں کے لئے از سرِ نو تخلیق کیا جائے۔ جو پاؤنڈ اب ہمارے پاس ہے اُسے رکھنے کے لئے یو کے کے اندر رہنا ہی واحد راستہ ہے۔

## قریب ترین کاروباری شریک۔

یونائٹڈ کنگڈم کی معیشت کسی بھی اور جی 7 قوم سے زیادہ تیز رفتاری سے بحالی کی جانب گامزن ہے۔ چونکہ سکاٹ لینڈ کی دو تہائی برآمدات انگلینڈ، ویلز اور آئرلینڈ کو جاتی ہیں – باقی کی ساری دنیا کو ملا کر بھی زیادہ – باقی ماندہ یو کے کے ساتھ ایک بین الاقوامی سرحد کھڑی کرنے سے نمو کم ہوجائے گی کیونکہ ہماری معیشت اُڑان پکڑنا شروع کررہی ہے۔




## زیادہ کاروبار اور ملازمتیں۔

سکاٹ لینڈ کی کئی ہزار ملازمتیں باقی کے یونائٹڈ کنگڈم کے ساتھ تجارت سے منسلک ہیں۔ مثال کے طور پر، 200،000 سکاٹش ملازمتوں کا انحصار بینکنگ، انشورنس اور مالیات پر ہے اور انڈسٹری کا اپنا تخمینہ ہے کہ دس میں سے نو گاہک باقی کے یو کے میں رہتے ہیں۔




# یونائیٹڈ کنگڈم کے اندر رہتے ہوئے آپ کا سرمایہ محفوظ ہے اور ترقی کرتا ہے۔






## سستے بل۔

یونائیٹڈ کنگڈم کی مالیاتی حیثیت شرحِ سود کو کم رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ اِس کا مطلب آپ اور آپ کے خاندان کے لئے سستے قرضے اور مورگیج ہیں۔ اور چونکہ سکاٹ لینڈ کے توانائی نیٹ ورکوں اور قابلِ تجدید توانائی میں سرمایہ کاری کرنے کی قیمت ادا کرنے میں پورا برطانیہ حصہ ڈالتا ہے، یوکے کے اندر رہنے سے سکاٹش گھرانوں کے لئے مستقبل میں توانائی کے بل *£189 فی سال کم رہیں گے۔



## محفوظ بچت اور پنشنز۔

سکاٹ لینڈ کا یونائیٹڈ کنگڈم کا حصہ ہونے کی وجہ سے، کسی بھی یوکے کے بینک یا بلڈنگ سوسائٹی میں آپ کی بچت کو £85،000 کی حد تک گارنٹی کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ اور ریاستی پنشنیں بھی زیادہ محفوظ ہیں کیونکہ پورے یوکے بھر میں 31 ملین ٹیکس دہندگان اِس کی قیمت میں حصہ ڈالتے ہیں۔





## ایک بڑی معیشت جو ہم سب کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔

یونائیٹڈ کنگڈم کی معیشت دنیا میں چھٹی سب سے بڑی معیشت ہے۔ ہمارا مشترکہ سائز، طاقت اور تنوع ہمیں اکٹھے نمو پانے اور کامیاب ہونے میں مدد دیتا ہے اور مشکل وقت میں ملازمتوں کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ مثال کے طور پر 2008 میں ہم سکاٹش بینکوں کو ایسی اعانت مہیا کرنے میں کامیاب رہے تھے جس کی قدر سکاٹ لینڈ کی قومی آمدنی سے دوگُنا تھی۔

*ذریعہ: سکاٹ لینڈ کا تجزیہ: توانائی، ایچ ایم حکومت، مئی 2014

# یونائٹڈ کنگڈم کے اندر رہنے سے سکاٹ لینڈ کی عوامی خدمات زیادہ سستی ہیں۔






## کم ٹیکس، زیادہ سرکاری اخراجات۔

یونائٹڈ کنگڈم کے حصے کے طور پر سکاٹ لینڈ کی مالیات بہت زیادہ طاقتور ہیں بشمول کم ٹیکس اور زیادہ عوامی اخراجات کے۔ یوکے کی حکومت نے تخمینہ لگایا ہے کہ یوکے میں رہنے کے طویل المدتی مالی فائدے کی قدر سکاٹ لینڈ میں رہنے والے ہر فرد کے لئے سالانہ *£1،400 کے برابر ہے۔

## عوامی خدمات کے لئے زیادہ اعانت۔



یونائٹڈ کنگڈم کے حصے کے طور پر سکاٹ لینڈ ایسے سرکاری اخراجات سے مستفید ہوتا ہے جو کہ یوکے کی اوسط سے 10% زیادہ ہے۔ اِس سے انتہائی ضروری سرکاری خدمات جیسے صحت، تعلیم اور ذرائع نقل و حمل کو فنڈ فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔



## مشترکہ سرکاری ادارے۔

سکاٹ لینڈ یونائٹڈ کنگڈم کے 200 سے زائد اداروں اور خدمات سے مستفید ہوتا ہے، بشمول: بی بی سی، نیشنل لاٹری، ہر میجسٹی کا پاسپورٹ آفس، ریسرچ کاؤنسل یوکے اور ڈی وی ایل اے۔ آزاد سکاٹ لینڈ کو نئے سرکاری ادارے تخلیق کرنا پڑیں گے، جو کہ پیچیدہ اور مہنگا ہوسکتا ہے۔

*ذریعہ: سکاٹ لینڈ کا تجزیہ: فسکل پالسی اینڈ سسٹین ایبیلٹی، ایچ ایم گورنمنٹ، مئی 2014



یونائٹڈ کنگڈم کے اندر رہنے
سے دنیا میں سکاٹ لینڈ کی آواز
طاقتور ہے۔




## اپنے لوگوں کی حفاظت کرنا اور اپنے مفادات کی ترویج دینا۔

صدیوں سے سکاٹش قوم کو یونائٹڈ کنگڈم کی مسلح افواج میں قلب کی حیثیت حاصل رہی ہے، جو ہمیں اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک محفوظ رکھتی ہے۔ اگر آپ پر کوئی مشکل آ پڑے تو آپ دنیا بھر میں 200 سے زائد سفارت خانوں اور قونصل خانوں کی طرف سے مدد پر انحصار کرسکتے ہیں۔ دنیا بھر میں یوکے سکاٹش کاروباروں کی اعانت کرتا ہے۔ اِس میں کامیابی سے سکاٹش برآمدات کو ترویج دینا شامل ہے مثلا وہسکی۔

## دنیا کے غریب ترین لوگوں کے لئے امداد۔



یونائٹڈ کنگڈم دنیا میں دوسرا سب سے بڑا ایڈ ڈونر ہے۔ ہمارے مشترکہ اثر اور پہنچ کا مطلب ہے کہ ہم شدید غربت کو ختم کرنے، انسانی بحرانوں میں زندگیاں بچانے اور بین الاقوامی امن مشنوں میں مدد کر رہے ہیں۔ فلپائن میں آنے والے طوفان ہائیان میں یوکے نے کھانا، پانی اور سر چھانے کی جگہ اور زندگیاں بچانے والی دوائیں مہیا کر کے ایک ملین لوگوں کی مدد کی تھی۔



## اہم جگہوں میں ایک با اثر آواز۔

یونائٹڈ کنگڈم یو این کا اہم رکن اور پوری دنیا بھر میں صرف واحد ملک ہے جو کہ نیٹو، ای یو، دولتِ مشترکہ، جی 7، جی 8 اور جی 20 کا رکن ہے۔  ای یو کی 'بڑی چار' اقوام میں سے ایک ہونے کے باعث، یوکے ایسے شعبوں جیسے زراعت اور فشریز میں زیادہ بہتر طریقے سے سکاٹش مفادات کا تحفظ کرنے کے قابل ہے۔



یونائٹڈ کنگڈم میں رہنے سے
سکاٹ لینڈ زیادہ طاقتور ہے۔



## کامیاب اقوام کا خاندان۔

300 سال سے زیادہ عرصے تک سکاٹ لینڈ یونائٹڈ کنگڈم کے حصے کے طور پر پھلا پھولا ہے۔ انگلینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ کے ساتھ مل کر، سکاٹ لینڈ نے دنیا بھر میں سب سے کامیاب اقوام کا خاندان تخلیق کیا ہے۔



## ایک طاقتور سکاٹش پارلیمنٹ۔

سکاٹ لینڈ کے پاس پہلے سے ہی اپنی پارلیمنٹ ہے جو ہسپتالوں، سکولوں، پولیس اور دوسرے اہم معاملات کے سلسلے میں فیصلے کرتی ہے اگلے سال سے سکاٹش پارلیمنٹ کو ٹیکس ریٹ طے کرنے اور کب اور کیوں رقم ادھار لینی ہے کے بارے میں فیصلہ کرنے کے سلسلے میں اور بھی زیادہ اختیارات حاصل ہو جائیں گے۔

## اکٹھے رہنے سے ہم سب مستفید ہوتے ہیں۔

مجموعی طور پر، یونائٹڈ کنگڈم کی چاروں اقوام میں 60 ملین لوگ اور تقریبا 5 ملین کاروبار ہیں۔ یہ بڑی کمیونٹی کامیاب ہونے کے زیادہ مواقع اور زیادہ مالی تحفظ فراہم کرتی ہے۔



18 ستمبر کو ہونے والی استصوابِ رائے کا مطلب ایک بڑا فیصلہ کرنا ہے، جس کا اثر ہر شے پر پڑے گا؛ آپ کیسے رہتے اور کام کرتے ہیں، کونسی رقم استعمال کرتے ہیں، ٹیکس جو آپ ادا کرتے ہیں،
قوانین جن کا آپ احترام کرتے ہیں اور پاسپورٹ جو آپ لے کر چلتے ہیں۔ یوکے کی حکومت کو یقین ہے کہ اکٹھے رہنے سے ہمارے پاس ایک دوسرے کو دینے کے لئے بہت کچھ اور حاصل کرنے کے لئے بہت کچھ ہے۔

## یہ ایک بڑا فیصلہ ہے۔
## gov.uk/youdecide2014
## پر مزید معلوم کریں

**Youdecide2014** **Youdecide2014**

متبادل طور پر آپ مزید معلومات کی درخواست اس پتے پر خط لکھ کر کر سکتے ہیں:
.Scotland Office, 1 Melville Crescent, Edinburgh, EH3 7HW

HM Government

# یونائٹڈ کنگڈم میں رہنا سکاٹ لینڈ کے لئے کیا معنی رکھتا ہے۔



سکاٹش آزادی پر استصوابِ رائے کے بارے میں معلومات۔

HM Government